# حفاظتِ صحت

# رہنماء

**مندرجات**
حفاظتِ صحت
رہنماء


حصہ الف — حفاظتِ صحت کی بنیای تدابیر

خواتین 2
نوعمر افراد 4
ویکسینیشن 4
سگریٹ نوشی، شراب نوشی اور منشیات: جیسی چیزوں سے بچاؤ اور ان سے ہونے والے نقصانات کا تدارک کرنا
سگریٹ نوشی
شراب نوشی 5
نشہ آور اشیاء 6
6

حصہ ب — خطرناک بیماریوں سے بچاؤ کی تدابیر

9
**متعددی امراض سے بچاؤ**
11
1۔ ہیپاٹائٹس
**2۔ تپ دق** 13
**3۔ ایچ آئی وی / ایڈز** 15
**4۔ ملیریا** 16
**5۔ ویسٹ نائل وائرس** 17
**6۔ جنسی صحت جنسی طور پر پھیلنے والی بیماریوں سے بچاؤ کی تدابیر**
19
**7۔ ذہنی صحت**

حصہ ج — نظام صحت کی ساخت اور تنظیم

**1. یونانی نظام صحت کی ساخت** 22
**2۔ سرکاری ہسپتالوں میں خدمات صحت تک رسائی** 22

حصہ — حقوق اور معاونت کی خدمات

**1. قانونی طور پر رہائش پزیر تارکین وطن کے لیے خدمات صحت** 25
**2. ضروری کاغذات نہ رکھنے والے تارکین وطن کی نگہداشت صحت کی سہولیات تک رسائی** 27
**3. پیلینوسٹوئنٹز اور یونانی النسل** 28
**4. مہاجرین اور پناہ گزین**
28
**تارکین وطن کے حقوق کا تحفظ کرنے والے ادارے**
31
منسلکہ
مفید ٹیلیفون نمبر اور معلومات
اٹیکا کے علاقے کے معاشرتی طبی مراکز (ایل اے کے)
ضلعی سطح کے این ایچ ایس ہسپتال

صحت کی تعریف بین الاقوامی ادارہ صحت نے یوں کی ہے کہ یہ بیماری اور لاغر پن کی عدم موجودگی کا نام نہیں بلکہ جسمانی، دماغی اور سماجی خیروعافیت کی کامل حالت کا نام صحت ہے۔ (بین الاقوامی ادارہ صحت، مائیگریشن اینڈ ہیلتھ، 1986)۔

## حصہ الف
## حفاظتِ صحت کی بنیای تدابیر

حالیہ دور کی بڑی بڑی بیماریوں سے بچاؤ کے لیے احتیاط سب سے بہترین تدبیر ہے۔ حفاظتی تدبیر کا مقصد صحت کی حالت میں رونما ہونے والی کسی بھی تبدیلی کی نشاندہی کرنا، فوری شناخت اور اس کا مؤثر طریقہ سے علاج کرنا ہے۔

صحت مند طرز رہائش(یعنی کہ صحت مند خوراک، سگریٹ نوشی ترک کرنا، ورزش) رکھنا ایک بنیادی حفاظتی تدبیر ہے ، جبکہ ثانوی حفاظتی تدبیر کا مطلب ہے کہ بیماری کی علامات ظاہر ہونے سے پہلے بذریعہ احتیاطی ٹیسٹ بیماری کا قبل از وقت پتہ چلانا۔

### خواتین

تولیدی صحت کا تعلق فرد واحد کی مطمئن اور محفوظ جنسی زندگی اور آزادانہ طریقہ سے تولید نو کی صلاحیت سے ہے۔ طبی و زنانہ امراض کے بارے میں باقاعدہ آگاہی رکھنے اور معائنہ جات کی مدد سے خواتین کی تولیدی صحت کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ خواتین کو درج ذیل ٹیسٹ کروانے چاہئیے:

- چھاتی کے سرطان کی قبل از وقت تشخیص کے لیے: 40 – 50 سالہ عمر کی خواتین کو ہر دو سال بعد اور 50 سال سے زائد خواتین کو ہر سال باقاعدگی سے میموگرافی کروانی چاہیے
- رحم کی گردن کے سرطان کی قبل از وقت تشخیص کے لیے: جنسی طور پر فعال خواتین کے لیے ایک سالانہ پی اے پی ٹیسٹ
- 12 تا 26 سالہ عمر کی لڑکیوں کے لیے رحم کی گردن کے سرطان کی ویکسین

انشورنس شدہ خواتین کا ملک کے مراکز صحت اور سرکاری ہسپتالوں کے آؤٹ پیشنٹ کلینکس میں پیشگی تقرری کے بعد مفت معائنہ کیا جاتا ہے.

اس کے علاوہ انشورنس شدہ خواتین کے لیے قبل از پیدائش کے درج ذیل معائنہ جات ضروری ہیں تاکہ ان کے ہاں صحت مند بچوں کی ولادت ممکن ہو سکے:

- تھیلسیمیا ہیٹیروزائیگوٹ کے تعین کے لیے ٹیسٹ
- ہیموگلوبین الیکٹروفوریسس
- مہلک ڈی این اے کا معائنہ
- روبیلا اینٹی باڈیز کی نشاندہی
- 35 سال سے زیادہ عمر کی خواتین میں مہلک کیریوٹائپنگ پر قابو پانا

یہ تمام ٹیسٹ سرکاری ہسپتالوں اور ایپوپی (EOPYY) مراکز صحت میں مفت کیے جاتے ہیں۔

ایسی تارک وطن خواتین جو اس ملک میں غیرقانونی طور پر رہائش پزیر ہیں انہیں مفت قبل از پیدائش نگہداشت اور بچہ جنم دینے کی سہولیات کا استحاق حاصل نہیں ہے۔ اس قانون سے صرف چھوٹی عمر کی حاملہ خواتین کے قبل از پیدائش معائنہ جات پر چھوٹ حاصل ہے۔

## نوعمر افراد

نوعمری عمر کا ایک ایسا مرحلہ ہے جس میں بچہ بتدریج بلوغت کی طرف بڑھتا ہے۔ جسمانی خدوخال اور جسم میں آنے والی تبدیلیوں کی وجہ سے نوعمر افراد کو سالانہ بنیادوں پر درج ذیل لیبارٹری معائنہ جات کروانے کی سفارش کی جاتی ہے:

- مکمل بلڈ کاؤنٹ اور پیشاب کا سالانہ معائنہ۔
- کولیسٹرول کا معائنہ خاص طور پر ان نو عمر افراد کے لیے جن کے خاندان میں دل کی بیماریاں موجود ہوں۔
- ان نو عمر افراد کے لیے ہر دو سال بعد بغیر ناشتہ کیے بلڈ شوگر ٹیسٹ جن کے خاندان میں کسی پہلے یا دوسرے درجے کے رشتہ دار کو درجہ دوم ذیابیطس لاحق ہوئی ہو۔

یہ ٹیسٹ ملک کے تمام اسپتالوں کے عمومی آؤٹ پیشنٹ کلینکس، نیشنل ہیلتھ سروسز (ایچ‌پی) ہیلتھ یونٹس اور مراکز صحت میں کیے جاتے ہیں۔

## ویکسینیشن

وہ ویکسینیں جو تمام نو عمر افراد کو کروانی چاہیے، وہ یہ ہیں:

1. ڈی ٹی پی کا مکمل کورس (ٹی ڈی کو ہر عشرے کے بعد دہرانے کی سفارش کی جاتی ہے)
2. پولیو مائیلائیٹس
3. ایم ایم آر کی دو خوراکیں
4. ہیپاٹائیٹس بی کا مکمل کورس
5. ہیپاٹائیٹس اے کی ویکسین
6. میننجیکوکل ٹائپ سی کونجوگیٹ ویکسین
7. اگر لاکڑا کاکڑا کی بیماری نہ ہوئی ہو تو اس کی ویکسین
8. رحم کی گردن کے سرطان کے خلاف ویکسین (12 تا 26 سال کی لڑکیاں اور نوجوان خواتین)

چیدہ چیدہ ویکسینیں انشورنس فنڈز سے لگائی جاتی ہیں۔

## سگریٹ نوشی، شراب نوشی اور منشیات: جیسی چیزوں سے بچاؤ اور ان سے ہونے والے نقصانات کا تدارک کرنا

## سگریٹ نوشی

سگریٹ نوشی انسانی جسم کے لیے ایک خطرہ ہے۔ سگریٹ نوشی کی وجہ سے ہونی والی بیماریوں میں شامل ہیں پھیپھڑوں کا سرطان، پھیپھڑوں کی دائمی بیماری،

اوسٹیوپروسس، منہ اور خوراک کی نالی کے سرطان کے علاوہ حمل اور بارآوری کے مسائل۔

سگریٹ نوشی ترک کرنے کے کلینکس ملک کے سرکاری اور پرائیویٹ اسپتالوں میں کام کر رہے ہیں۔

| |
|---|
| گریک رسپریٹری سوسائٹی کی سگریٹ نوشی ترک کرنے کی ہیلپ لائن<br>ٹیلیفون: 80 80 801 800 |

## شراب نوشی



شراب نوشی جسمانی اور نفسیاتی انحصار پیدا کرتی ہے اور جگر کے نقصان کی وجہ سے بیماری اور حتی کہ موت واقع ہو جاتی ہے۔

## نشہ آور اشیاء



نشہ آور اشیائی کیمیائی چیزیں ہوتی ہیں جن پر انحصار ہو جاتا ہے اور ان کا زیادہ استعمال موت کا سبب بنتا ہے۔ یہ سفارش کی جاتی ہے کہ کسی بھی قسم کے انحصار

کی صورت میں فوری طور پر ماہرین کی معاونت حاصل کی جائے۔

کار آمد ٹیلیفون نمبرز:

ایسے افرد کے لیے مختصر مشاورتی خدمات جنہیں ایسے مسائل کا براہ راست سامنا ہے
یا ان کے قرب و جوار میں دیگر کوئی شخص مسائل سے دوچار ہے۔
سوموار – جمعہ، صبح 9 – شام 8
ٹیلیفون:**1031**

**سبسٹینس اینڈ الکحل ری ہیبیلیٹیشن یونٹ**

18 سال سے زائد – سائیکاٹرک ہاسپیٹل آف اٹیکا (پی ایس این اے) ری ہیبیلیٹیشن یونٹ
شراب اور نشہ آور اشیاء کی عادت سے منسلک مسائل کا سامنا
سوموار – جمعرات، صبح 10 – رات 8، بروز جمعہ صبح 10 – شام 4
ٹیلیفون: 7089 361 - 210

**ایمرجنسی ٹیلیفون یونٹ "ITHAKA"**

24 گھنٹے ٹیلیفون: 1145۔ نشہ آور اشیاء کے بارے میں تازہ ترین معلومات، نشہ آور اشیاء استعمال کرنے والوں اور ان کے خاندان/دوستوں کے ماحول کے حوالے سے خدمات و جذباتی معاونت کے بارے میں معلومات۔

بچوں اور نومولود افراد کی فوری مدد اور نفسیاتی معاونت کے لیے ٹیلیفون:

**"بچے کی مسکراہٹ"** (http://www.hamogelo.gr)

- ایس او ایس: 1056 بچوں کی معاونت کی لائن

اس ٹیلیفون پر ماہر نفسیات، سماجی کارکنان اور رضاکار جواب دیتے ہیں۔ یہ نمبر 24 گھنٹے کھلا رہتا ہے۔

Ε.Ψ.Υ.Π.Ε.
Εταιρεία Ψυχοκοινωνικής Υγείας
του Παιδιού και του Εφήβου

**ایسوسی ایشن فار دی سائیکلوجیکل ویلفیئر آف چلڈرن اینڈ ایڈولیسنٹس (ای پی ایس وائے پی ای)**
(http://www.epsype.gr)

■ایس اوایس: **77 11 801 801** بچوں اور نومولود افراد کی
**معاونت کی لائن**
یہ لائن والدین، بچوں، نومولود افراد، ماہرین تعلیم، ذہنی صحت کے پیشہ وران اور عمومی طور پر ہر اس شخص کے لیے وقف ہے جسے معاونت کی ضرورت ہے۔
لائن کے اوقات کار: روزانہ صبح 9:30 تا رات 8:30، بروز ہفتہ: صبح 9:30 تا دن 2:30

حصہ ب

# خطرناک بیماریوں سے بچاؤ کی تدابیر

## متعدی امراض سے بچاؤ

متعدی یا وبائی امراض جسم کے اندر بیماری پھیلانے والے جراثیم کی وجہ سے لاحق ہوتی ہیں جو دوسرے لوگوں کو بھی متاثر کرتے ہیں اور متاثرہ لوگ یا تو بیمار ہو جاتے ہیں یا یہ بیماریاں آگے پھیلانے کا باعث بنتے ہیں۔

متعدی امراض کسی بھی انسانی آبادی میں ایک وباء کی شکل اختیار کر سکتی ہیں جبکہ کئی صورتوں میں ان امراض کی وجہ سے اموات بھی واقع ہو جاتی ہیں۔ جس کی وجہ سے ایسی بیماریوں کے ساتھ فوری طور پر نبٹنا نہایت ضروری ہے۔ ایسی بیماریوں کے روک تھام کے لیے ذاتی اور اجتماعی سطح پر صفائی رکھنا اور ویکسین لگوانا نہایت کارگر تدابیر ہیں۔

## 1۔ ہیپاٹائیٹس

ہیپاٹائیٹس جگر کی بیماری ہے۔ ہیپاٹائیٹس کی نہایت اہم اقسام میں شامل ہیں ہیپاٹائیٹس اے، بی اور سی۔

**ہیپاٹائیٹس اے** جگر کی ایک قابل علاج بیماری ہے جس کا باعث ایچ اے وی وائرس بنتا ہے اور یہ چند ہفتوں سے لے کر کئی مہینوں تک ہو سکتی ہے۔ اس سے متاثر ہونے کا خدشہ درج ذیل سے ہے:

- متاثرہ عوامی جگہیں (مثلاً ٹائیلٹس)
- متاثرہ پانی، متاثرہ پانی سے صاف کی ہوئی کچی خوراک
- متاثرہ لوگوں سے قریبی واسطہ رکھنا

**ہیپاٹائیٹس بی** جگر کی سوزش ہے جو کہ (ایچ بی وی) وائرس سے ہوتی ہے۔ متاثر ہونے کا خدشہ درج ذیل سے ہے:

- متاثرہ لوگوں سے جنسی ملاپ
- خون آلود اشیاء (یعنی سرنج، استرا، ٹوتھ برش، سوئیاں)
- متاثرہ لوگوں سے قریبی واسطہ رکھنا
- متاثرہ ماں (پیدائش پر نومولود کو)

**ہیپاٹائیٹس سی**

- اس سے متاثر ہونے کا خدشہ درج ذیل سے ہے:
- خون آلود اشیاء
- متاثرہ لوگوں سے جنسی ملاپ
- متاثرہ ماں (پیدائش پر نومولود کو)

## ? مجھے کیسے معلوم ہو کہ مجھے ہیپاٹائیٹس ہے؟

اس کے لیے خون کا ایک خصوصی ٹیسٹ ضروری ہے۔ یہ ٹیسٹ پورے ملک میں سرکاری ہسپتالوں میں موجود ایکسٹرنل ہیپاٹولوجی کلینکس میں کیا جا سکتا ہے۔ سفارش کی جاتی ہے کہ یہ ٹیسٹ سال میں ایک دفعہ کروایا جائے۔

## ? ہیپاٹائیٹس سے کیسے بچا سکتا ہے؟

ہیپاٹائیٹس اے اور بی سے ویکسین کے ذریعے بچاؤ ممکن ہے. ایک سال سے کم عمر بچوں اور ایسے لوگوں کے لیے ویکسین لگوانے کی سفارش کی جاتی ہے جو ایسے ممالک میں سفر پر جا رہے ہوں جہاں اس وباء کی شرح زیادہ ہو. ہیپاٹائیٹس بی کی ویکسین تین خوراکوں پر مشتمل ہوتی ہے اور اسے ہر 3-5 سال کے بعد دہرایا جاتا ہے. ہیپاٹائیٹس سی سے بچاؤ کی کوئی ویکسین دستیاب نہیں ہے.

**ہیپاٹائیٹس کی ویکسین کسی بھی سرکاری ہسپتال سے لگوائی جا سکتی ہے.** ویکسین دوائیوں کی دوکان سے بھی خریدی جا سکتی ہے اور فارماسسٹ انہیں لگا سکتا ہے. بالخصوص پناہ گزین میڈیکل-سوشل ویلفیئر سینٹرز (سابقہ پکپا) سے ویکسین لگوا سکتے ہیں.

ہیپاٹائیٹس اے، بی اور سی کے خلاف حفاظتی تدابیر:

- ذاتی صفائی و ستھرائی کا سختی سے خیال رکھنا
- جنسی ملاپ کے دوران کنڈوم کا استعمال
- ذاتی سرنج، قینچی، استرے وغیرہ کا استعمال
- ناخنوں کی نگہداشت، ایکوپنکچر، ٹیٹو بنانے اور جسم پر نقش و نگار وغیرہ میں استعمال ہونے والے جراثیم سے پاک اوزاروں کا استعمال
- حفاظتی ٹیکے (ہیپاٹائیٹس اے اور بی)

## 2. تپ دق

بیکٹیریا کی وجہ سے ہونے والی ایک متعدی بیماری ہے. اس سے عام طور پر پھیپھڑے اور دوسرے جسمانی اعضاء مثلاً ہڈیاں اور نرخرہ وغیرہ متاثر ہوتے ہیں.

## ؟ اس کی علامات کیا ہیں؟
ٹی بی دق کی علامات میں شامل ہیں انتہائی لاغرپن، وزن میں کمی، بخار، رات کو پسینہ آنا، کھانسی، چھاتی میں درد اور خون آلود قے کا ہونا۔

## ؟ یہ کیسے پھیلتی ہے؟
ٹی بی دق کھانسی، اونچا بولنے، چھینک اور ہنسنے سے پھیلتی ہے۔

## ؟ مجھے کیسے معلوم ہو کہ مجھے ٹی بی دق ہے؟
ٹی بی دق کی تشخیص کے لیے منٹاکس اسکریننگ ٹیسٹ واحد راستہ ہے۔ یہ ٹیسٹ پورے ملک کی اسپتالوں، مراکز صحت، ایہوپی کلینکس اور ہیلتھ سروسز میں کیا جاتا ہے۔ اس کی ویکسین (بی سی جی) نومولود اور چھوٹے بچوں کو 6 سال کی عمر میں دی جاتی ہے۔ ٹی بی دق کی ویکسین بیماری سے مکمل طور پر تحفظ فراہم نہیں کرتی۔ ٹی بی دق کا مکمل علاج کیا جا سکتا ہے مگر اس پر خاصا وقت لگ سکتا ہے (6 ماہ سے زیادہ)۔

## ؟ میں اپنے اردگرد کے لوگوں کو کیسے محفوظ رکھوں؟
- درست ادویات استعمال کر کے
- کھانسی اور چھینک کے وقت اپنے منہ پر رومال رکھ کر
- دوسرے لوگوں سے قریبی ملاپ سے گریز کر کے خاص طور پر اسکول اور جائے کار میں
- جائے رہائش میں بکثرت ہوا کی آمد رکھ کر

علاج کے دو سے تین ہفتوں کے بعد یہ مرض کسی دوسرے شخص کو متاثر نہیں کرتی۔ اگر ڈاکٹروں کی اجازت ہو تو آپ اپنی روزمرہ کی سرگرمیاں جاری رکھ سکتے ہیں۔

## 3۔ ایچ آئی وی / ایڈز



ایچ آئی وی ایسا وائرس ہے جو انسانی جسم کو متاثر کرتا ہے۔ جب کسی شخص کو یہ بیماری لاحق ہو جاتی ہے تو وہ ہمیشہ ایچ آئی وی سیروپازیٹو کا حامل بن جائے گا اور اس سے یہ بیماری دوسرے لوگوں کو بھی لاحق ہو سکتی ہے۔ ایڈز سے متاثرہ شخص کے جسم کا خودکار دفاعی نظام کمزور ہو جاتا ہے اور زیادہ تر حالات میں وہ موت کا شکار ہو جاتا ہے۔ فی الحال ایچ آئی وی کا کوئی علاج موجود نہیں ہے۔

F

### ? یہ کیسے پھیلتی ہے؟

- اس وائرس سے متاثرہ شخص سے کنڈوم کے بغیر جنسی ملاپ (اندام نہانی، مقعد، بیرونی) کرنا
- نسوں کے ذریعے منشیات استعمال کرنے والے لوگوں سے بغیر کنڈوم کے جنسی ملاپ کرنا
- گندی سوئیوں کے استعمال سے
- نسوں کے ذریعے منشیات استعمال کرنے کے لیے سرنج کا مشترکہ استعمال
- اس وائرس سے متاثرہ ماں سے

## ؟مجھے کیسے معلوم ہو کہ مجھے اس وائرس نے متاثر کر دیا ہے؟

اس کے لیے ایک تشخیصی ٹیسٹ کی ضرورت پڑتی ہے۔ یہ ٹیسٹ کسی سرکاری ہسپتال سے مفت یا کسی پرائیویٹ ڈائگناسٹک مائیکرو لیبارٹری سے فیس ادا کر کے بھی کروایا جا سکتا ہے۔ یہ ٹیسٹ گمنام طریقہ سے ہوتا ہے اور اس کا نتیجہ صیغہ راز میں رکھا جاتا ہے۔ یہ ٹیسٹ کسی بھی ایڈز نیشنل ریفرنس سینٹر سے بھی کروایا جا سکتا ہے۔

## ؟مجھے معلومات کہاں سے حاصل ہو سکتی ہے؟

**سینٹر فار ڈزایز کنٹرول اینڈ پریونشن (KE.EL.P.NO)**

سوم سیپٹمویرو اسٹریٹ 54 اور پولی ٹیکنیو اسٹریٹ 9، ایتھنز ♦ ٹیلیفون:210-52.12.000

**ایڈز نیشنل ریفرنس سینٹرز**

**ایڈز نیشنل ریفرنس سینٹر آف سدرن گریس، نیشنل اسکول آف پبلک ہیلتھ**

سکندریہ ایونیو 196، ایتھنز ♦ ٹیلیفون: 210-64.47.941

**ایڈز ریفرنس سینٹر اینڈ سیکسوئلی ٹرانسمٹڈ ڈزایزز پی جی این اے۔ "EVAGGELISMOS"**

سلانتو اسٹریٹ 45-47، اتھینز ♦ ٹیلیفون: 210-72.00.001

نیشنل ریفرنس سینٹر فار سیکسوئلی ٹرانسمٹڈ ڈزایزز اینڈ ایڈز، ہاسپٹل آف وینریئل اینڈ سکن ڈزایزز "اے۔ سگروز"

آئی ٹریگومی اسٹریٹ 5، لیشیا ♦ ٹیلیفون: 210-72.43.579

**غیر سرکاری تنظیمیں:**

**لائف سینٹر**، ٹیوپیرس اسٹریٹ 9، لیشیا ♦ ٹیلیفون: 210-72.33.848, 210-72.57.617

ایکٹ اپ، نکیتارا اسٹریٹ 8-10، اتھینز ♦ ٹیلیفون: 210-33.05.500

**کمپوزیشن**، www.hiv.gr

## 4. ملیریا

ملیریا ایک وبائی مرض ہے جو خون کے سرخ ذرات کو متاثر کرتی ہے۔ اس سے شدید انفیکشن ہو جاتی ہے اور اگر اس کا مناسب علاج نہ کیا جائے تو، اس سے موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔

### ? یہ کیسے پھیلتا ہے؟

متاثرہ مچھر کے کاٹنے سے، انتقال خون سے، تبدیلی عضو سے اور آلودہ سوئیوں اور سرنجز کے استعمال سے۔ متاثرہ ماں سے زچہ میں یہ کم ہی منتقل ہوتا ہے۔

### ? اس کی علامات کیا ہیں؟

ملیریا کی علامات میں شامل ہیں سردی کے ساتھ تیز بخار، پسینہ، سر درد، پٹھوں کا درد، متلی، پیچش، قے، خون کی کمی اور آنکھوں، جلد اور میکوس ممبرین کا پیلا پن (یرقان)۔

### ? مجھے کیسے معلوم ہو کہ مجھے ملیریا ہے؟

ملیریا کی تشخیص خون کے ٹیسٹ سے کی جاتی ہے۔ یہ ٹیسٹ سرکاری ہسپتالوں میں کروایا جا سکتا ہے۔

### ؟ ملیریا کا علاج کیسے کیا جاتا ہے؟

اس کا علاج ادویات کی مدد سے کیا جاتا ہے۔ علاج جلد از جلد شروع کر دینا چاہیے۔

## 5۔ ویسٹ نائل وائرس

یہ بیماری عام طور پر متاثرہ مچھر کے کاٹنے سے پھیلتی ہے اور بعض اوقات یہ بیماری انتقال خون، تبدیلی اعضاء یا متاثرہ ماں سے زچہ میں بھی منتقل ہو سکتی ہے۔ یہ عمومی معاشرتی ملاپ (مثلاً چھونا، بوسہ دینا)، جنسی یا دوسرے کسی طرح کے ملاپ کے دوران ایک شخص سے دوسرے شخص میں منتقل نہیں ہوتی۔ بیماری لاحق ہو جانے کی صورت میں 50 سال سے زیادہ عمر کے افراد شدید بیمار ہو سکتے ہیں۔

### ؟ اس کی علامات کیا ہیں؟

زیادہ تر لوگوں میں اس کی کوئی علامات سامنے نہیں آتیں۔ درمیانے درجے کی علامات میں شامل ہیں بخار، تھکاوٹ، سر درد، پٹھوں کا درد، ہڈیوں اور جوڑوں کا درد، قے، جلد پر دھبے اور بعض اوقات لیمف نوڈز کی سوجن۔ اس بیماری کی شدید علامات (1% سے کم مریض) میں شامل ہیں شدید بخار، سر درد، گردن کا اکڑ جانا، نا شناسی، کپکپی تاری ہونا، گہری بیہوشی اور پٹھوں کا کام کرنا چھوڑ دینا۔ اگر فوری طور پر علاج شروع نہ کیا جائے تو اس کی وجہ سے اینسفلائیٹس، مینِنجائیٹس، مینِنجو اینسفلائیٹس یا فلیسڈ پیرالائیسس ہو سکتا ہے۔ اس بیماری کی علامات عام طور پر متاثرہ مچھر کے کاٹنے کے 2-14 دن کے اندر نمودار ہوتی ہیں۔

### ؟ مجھے کیسے معلوم ہو کہ میں ویسٹ نائل وائرس سے متاثر ہوں اور اس کا علاج کیا ہے؟

مریض کو طبی توجہ حاصل کرنی چاہیے۔ درمیانے درجے کی صورت میں اس کی علامات کئی دنوں کے بعد غائب ہو جاتی ہیں۔ زیادہ شدید صورت حال میں ہسپتال میں داخلہ ضروری ہے۔ اس وائرس کے خلاف کوئی ویکسین دستیاب نہیں ہے۔

**کیڑے مکوڑوں سے بچنے کی عمومی حفاظت**

کیڑے مکوڑوں سے بچنے کے لیے درج ذیل اقدامات کرنے چاہیے:

- ننگی جلد پر انسیکٹ ریپیلنٹس استعمال کریں، خاص طور پر شام سے صبح تک
- پورے جسم کو ڈھانپنے والے کپڑے پہنیں (فل بازو اور پینٹ)
- پسینے سے نجات حاصل کرنے کے لیے غسل
- گھر کی کھڑکیوں میں مچھروں سے بچنے کے لیے جالیاں (پردے کے طور پر) لگوانا
- کیڑے مار ادویات کا استعمال
- بیسنز، برتنوں اور مٹکوں وغیرہ سے کھڑے پانی کو صاف کرنا
- پنکھوں اور ایئر کنڈیشنز کا استعمال
- بیرونی روشنی کے لیے پیلے رنگ کی لائیٹیں استعمال کریں

## 6۔ جنسی صحت – جنسی طور پر پھیلنے والی بیماریوں سے بچاؤ کی تدابیر

سیکسوئلی ٹرانسمٹڈ ڈزایزز (ایس ٹی ڈیز) مثلا کلیمیڈیا، سائی فیلس، گنوریا، جینیٹل وارٹز اور جینیٹل ہرپیز ایک شخص سے دوسرے کو جنسی رابطے کے دوران لاحق ہو جاتی ہیں۔ یہ بیماریاں اندام نہانی، مقعد اور بیرونی طور پر جنسی سرگرمیوں کے ذریعے پھیلتی ہیں۔

**؟ان کی علامات کیا ہیں؟**

جنسی طور پر پھیلنے والی بیماریاں تولیدی اعضاء میں درد اور بے آرامی کا باعث بنتی ہیں۔ اگر ان بیماریوں کا مناسب علاج نہ کیا جائے تو ان کی وجہ سے اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے اور حتی کہ سرطان کا خدشہ بھی ہوتا ہے۔

## ؟ مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ ان بیماریوں سے متاثر ہیں تو، مناسب علاج کے لیے فورا کسی ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔ علاوہ ازیں:

- اپنے جنسی ساتھی کو ڈاکٹر سے رابطہ کرنے کا مشورہ دیں
- اپنے جنسی ساتھیوں کی تعداد میں کمی لائیں
- اگر آپ کا ساتھی پہلے سے متاثر ہے یا بے آرامی محسوس کرتا ہے تو جنسی ملاپ نہ کریں
- جنسی ملاپ کے بعد پیشاب کریں اور جلد از جلد تولیدی حصے کو صاف کریں۔

## ؟ میں اپنے آپ کو کیسے بچا سکتا ہوں؟



ہر جنسی ملاپ کے دوران کنڈوم استعمال کریں۔ کنڈوم کے استعمال سے جنسی طور پر پھیلنے والی بیماریوں سے متاثر ہونے کا امکان کم ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ، اس کے استعمال سے متعدی امراض مثلا **ہیپاٹائیٹس** پھیلنے سے رک جاتا ہے۔

## ?مجھے معلو مات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

نیشنل ہیلتھ سروس ہسپتالوں کے آؤٹ پیشنٹ کلینکس ایچ آئی وی انفیکشن یا دوسری متعدی امراض میں مبتلا غیر ملکیوں کو مفت طبی نگہداشت اور علاج فراہم کرتے ہیں۔

**نیشنل ریفرنس سینٹر فار سیکسوئلی ٹرانسمٹڈ ڈزایزز اینڈ ایڈز**، ہاسپٹل آف وینریئل اینڈ سکن ڈزایزز **"اے۔ سگروز"**، آئی ڈریگومی اسٹریٹ 5، لیشیا • ٹیلیفون: 210-72.43.579

**انفیکشیئس ڈزایز ہاسپیٹل آف تھیسیلونکی**، ڈیلفون اسٹریٹ 124 ♦ ٹیلیفون: 2310- 886.300 برائے گائناکالوجسٹ یا ڈرماٹالوجسٹ-وینیریولوجسٹ۔

## 7. ذہنی صحت

نفسیاتی مسائل بہت کثرت سے پائے جاتے ہیں اور گھبراہٹ، خفگان، تشویش، تھکاوٹ، اکتاہٹ، نا امیدی، غیر معمولی سرگرمی اور مالی خولیا جیسے احساسات پیدا کرتے ہیں۔ ان علامات سے مناسب مدد کے ذریعے چھٹکارا پایا جا سکتا ہے۔ بچوں اور بالغان کے علاوہ گروپس یا خاندانوں کو مفت نفسیاتی معاونت فراہم کی جاتی ہے، جس کے لیے انشورنس لازمی نہیں اور اس میں ذاتی معلومات بھی صیغہ راز میں رکھی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ اس بارے میں معلومات دوسری زبانوں میں بھی دستیاب ہے۔

## میں کہاں جا سکتا ہوں؟

- ایجی نیٹو ہاسپٹل - ٹرانس کلچرل سائیکاٹرک کلینک آف اتھینز یونیورسٹی

تارکین وطن کے لیے ترجمان کی معاونت کے لیے (210 7291388)

- پی اینڈ اے کائیریاکو چلڈرنز ہاسپٹل، فیکلٹی آف سوشل میڈیسن

تمام محروم سماجی گروہوں کو بچوں کے معائنہ جات، ویکسین، ترقیاتی جائزہ اور نفسیاتی معاونت کی خدمات مہیا کرتا ہے (210 7726809)

- **نیشنل سینٹر فار ایمرجنسی کیئر**

معاشرتی معاونت کی خدمات فراہم کرتا ہے (مشاورت، نفسیاتی معاونت، لوگوں کے لیے ہاسٹل میں عارضی رہائش کا بندوبست، ہنگامی حالات میں گروپس یا خاندانوں کی مدد)
(ٹیلیفون: 210 6497710)

**رہائشی اجازت نامے کے بغیر غیر ملکی لوگوں کو مفت طبی نگہداشت فراہم کرنے والے ادارے**

**پراکسس – پولی کلینکس**

اس کا ایک پولی کلینک، فارمیسی اور سوشل سروسز ایتھنز اور تھیسلونکی میں ہے۔ یہاں انشورنس نہ رکھنے والوں، محروم افراد، تارکین وطن اور مہاجرین وغیرہ کو مفت نگہداشت صحت اور سماجی معاونت کی خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔

(پتہ: پینیو اسٹریٹ 5، وکٹوریہ اسکوائر، ایتھنز ♦ ٹیلیفون: 210 8213704, 210 8213713)

**ڈاکٹرز آف دی ورلڈ – پولی کلینکس**

اس کا ایک کھلا پولی کلینک ایتھنز اور تھیسلونکی میں چل رہا ہے۔ اس میں غرباء، انشورنس نہ رکھنے والوں، محروم افراد، تارکین وطن اور مہاجرین کو مفت نگہداشت صحت اور سماجی معاونت فراہم کی جاتی ہے۔

(پتہ: میحیل ووڈا اسٹریٹ 15، اتھینز ♦ ٹیلیفون: 210 3213150, 210 8233653)

**گریک سینٹر فار انٹرکلچرل سائیکاٹرک کیئر**

دماغی صحت کے یونٹس جو کہ لاچار لوگوں کے ساتھ ساتھ ایسے لوگوں کو بحالی اور دوبارہ اتحاد کی خدمات فراہم کرتے ہیں جو معاشرتی محرومی کا شکار ہیں یا انہیں اس کا خطرہ ہے۔ پتہ: پلوٹارو اسٹریٹ 10، اتھینز ♦ ٹیلیفون: 210 7221707

**غیر سرکاری تنظیم کا ویول ڈے سینٹر:**

یہ تارکین وطن کو ذہنی صحت کی خدمات فراہم کرتا ہے۔ پتہ: متھیمنز اسٹریٹ 27 بی، کیپسلی ♦ ٹیلیفون: 2108616280 اور 2108616266۔ یہ سوموار-جمعہ کھلا رہتا ہے، 09:00 - 17:00

**یونانی ریڈ کراس**

یہ تارکین وطن کے لیے نفسیاتی معاونت اور مشاورت کے پروگرام منعقد کرتی ہے۔
ٹیلیفون: 210 3603449

## حصہ ج
## نظام صحت کی ساخت اور تنظیم

### 1. یونانی نظام صحت کی ساخت

یونان میں نگہداشت صحت کی خدمات نیشنل ہیلتھ سروس (این ایچ ایس) فراہم کرتا ہے۔ این ایچ ایس ملک میں قانونی طور پر رہائش پزیر لوگوں کو طبی خدمات فراہم کرتا ہے۔ صحت کی بنیادی خدمات (یعنی روک تھام او تشخیص کے حوالے سے خدمات اور معائنہ جات) دیہی کلینکس، میونسپل پولی کلینکس، علاقائی مراکز صحت، آؤٹ پیشنٹ کلینکس اور ہاسپٹل ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹس (ای ڈی) میں فراہم کی جاتی ہیں۔

انشورنس شدہ افراد کے لیے نگہداشت صحت کی خدمات سوشل سیکورٹی فنڈز سے فراہم کی جاتی ہیں جو کہ نیشنل ہیلتھ سروس آرگنائزیشن (ایھوپی) کا ایک اہم حصہ ہے۔ 2011 کے بعد انشورنس فنڈز کے صحت سے متعلق ادارے یعنی آئی کے اے- ای ٹی اے ایم، او جی اے، او اے ای ای- ٹی ای وی ای اور او پی اے پی/ٹی وائے ڈی کے کے، واحد انشورنس شدہ ایھوپی میں ضم ہو گئے ہیں۔

انشورنس لازمی قرار دی گئی ہے اور یہ یونانی باشندوں، غیر ملکی کارکنان (برسرروزگار اور فری لانس پیشہ ور افراد) اور ریٹائرڈ لوگوں (براہ راست انشورنس شدہ) کے علاوہ ان کے خاندانوں اور بے روزگار لوگوں کو تحفظ فراہم کرتی ہے۔ انشورنس کی تنظمیں صحت سے متعلق درج ذیل فوائد فراہم کرتی ہیں:

- بنیادی طبی اور دانتوں کا علاج (ہسپتال میں داخلے کے بغیر بیماریوں کی روک تھام اور تشخیص، ادویات، اکاو ایمبولینسز کی جانب سے ایمرجنسی ایمبولینس، گھریلو نگہداشت وغیرہ)
- ہسپتال کی نگہداشت
- ادویات کی فراہمی
- اضافی نگہداشت

یونانی نظام صحت میں خدمات صحت کی فراہمی کے لیے پرائیویٹ ادارے موجود ہیں مثلا پرائیویٹ پریکٹس، کلینکس اور میٹرنٹی ہاسپٹلز۔

### 2. سرکاری ہسپتالوں میں خدمات صحت تک رسائی

آؤٹ پیشنٹ کلینکس میں معائنہ پیشگی وقت طے کرنے پر ہوتا ہے۔ صبح کے وقت آؤٹ پیشنٹ کلینکس میں معائنہ پر 5 یورو خرچ آتا ہے۔ صرف ٹی بی کلینکس کے مریضان کی مانیٹرنگ مفت ہے۔

### معائنہ کا طریقہ کار

#### آؤٹ پیشنٹ کلینکس کے معائنہ جات

1. ریگولر آؤٹ پیشنٹ کلینکس میں طے شدہ معائنہ جات کے لیے مریض کا کارڈ ہونا ضروری ہے۔ مریض کا کارڈ آؤٹ پیشنٹ کلینک سیکریٹریٹ سے جاری کیا جاتا ہے۔
2. مریضوں کو پرائرٹی سروس نمبر لینا چاہیے
3. آؤٹ پیشنٹ کلینک سیکٹریٹ کے ساتھ رابطہ – معائنہ کے لیے فنڈز اور فیس کی ادائیگی
4. ریفرل نوٹ کا اجراء اور معائنہ کا انتظار۔

### ہسپتال میں داخلے کا طریقہ کار

ملک کے ہسپتالوں میں مریضوں کا داخلہ درج ذیل طریقہ کار کے مطابق ہوتا ہے:

- طبی نگہداشت کا ضرورت مند ہر شخص ایمرجنسی ہسپتال جاتا ہے۔
- اس کا مفت معائنہ کیا جاتا ہے اور فوری نوعیت کی صورت میں، اس شخص کو ہسپتال میں داخل کر لیا جاتا ہے۔ اسے چاہیے کہ وہ اپنا پاسپورٹ اور ہیلتھ بک لٹ اپنے ہمراہ لائے۔

داخلے کے عمل کا خرچ تقریبا 15 یورو ہے جبکہ ہسپتال کے اندر علاج کا خرچ اوسطا 60 یورو یومیہ کے حساب سے آتا ہے۔ اگر مریض کی انشورنس موجود ہو تو، ایسی صورت میں اس کے اخراجات انشورنس کمپنی برداشت کرتی ہے اور اسے ہسپتال کے خرچ کا صرف ایک معمولی حصہ ادا کرنا پڑتا ہے۔ اگر مریض کی انشورنس اور ہیلتھ کارڈ موجود نہ ہو تو اسے پوری رقم ادا کرنی پڑتی ہے۔

جن لوگوں کی انشورنس موجود ہو وہ بڑے ہسپتالوں میں جا سکتے ہیں جن میں دانتوں کے علاج کی سہولت بھی موجود ہوتی ہے۔

بنیادی طبی امداد اور ادویات کی فراہمی دوسری سروسز کے ساتھ ساتھ سرکاری سطح پر اور غیر سرکاری تنظیموں کی طرف سے فراہم کی جاتی ہے۔

- **سٹی آف اتھینز میونسپیلٹی کلینک**

اتھینز میونسپیلٹی کے میونسپل کلینکس رہائشی اجازت نامہ رکھنے والے لوگوں اور میونسپیلٹی میں رہنے والے لوگوں کو صحت کی ایسی خدمات فراہم کرتے ہیں جن میں ہسپتال میں داخلے کی ضرورت نہ پیش آتی ہو۔ ٹیلیفون: 210-5245159

- **سینٹر فار ڈزایز کنٹرول اینڈ پریونشن (KEELPNO)، آفس آف ڈسپلیسڈ پاپولیشنز اینڈ سائیکلوجیکل سپورٹ آفس**

روک تھام اور قابو پانے کے مخصوص پروگرام جن میں شامل ہیں ویکسین، صحت کے احتیاطی معائنہ جات اور تارکین وطن و محروم افراد کے لیے معلومات۔ ٹیلیفون: 210 8899028, 210 8899238

| MKO | مفت طبی نگہداشت فراہم کرنے والی غیرسرکاری تنظیمیں |
|---|---|

بعض غیرسرکاری تنظیمیں ایسے تارکین وطن کو مفت طبی نگہداشت، لیبارٹری کے معائنہ جات، ادویات اور ہدایات فراہم کرتی ہیں جن کے پاس رہائش کا قانونی اجازت نامہ نہیں ہوتا (حصہ ب ملاحظہ کریں)، علاوہ ازیں:

- **اسکیل:** پسماندہ طبقات کو معاونت، نگہداشت، طبی و نفسیاتی خدمات کی فراہمی۔
  ٹیلیفون: 210-34.17.160

- **یونانی کونسل برائے مہاجرین**

یہ سماجی خدمات فراہم کرتی ہے جو مہاجرین کی صحت کے معاملات کے حوالے سے صحت کے اداروں اور خدمات میں مداخلت کرتی ہے اور نفسیاتی معاونت فراہم کرتی ہے۔
ٹیلیفون: 210-38.14.710

- **میڈیکل ری ہیلیٹیشن سینٹر فار ٹارچر وکٹمز**

یہ مرکز تشدد کا شکار ہونے والے مہاجرین و پناہ گزینوں کو مشاورت، نفسیاتی و سماجی بحالی کی خدمات فراہم کرتا ہے اور خدمات صحت کے درمیان ثالثی کا کردار ادا کرتا ہے۔
ٹیلیفون: 210-36.46.837

- **گریک انسٹیٹیوٹ آف سولیڈیرٹی اینڈ کوآپریشن، سینٹر فار سوشیو-اکنامک انٹیگریشن آف اسائلم سیکرز ان اسپروپائرگوس آف اٹیکا۔**

یہ میزبانی، خوراک، طبی امداد، نفسیاتی و سماجی معاونت اور مثبت سرگرمیاں فراہم کرتا ہے۔
ٹیلیفون: 210 7234456

- افشی پولی

مرکز معلومات اور سماجی معاونت برائے پسماندہ طبقات (پیلینوسٹونٹس "سابقہ سویت یونین کے یونانی النسل" ، بے ٹھکانہ، مہاجرین، تارکین وطن وغیرہ)۔ یہ صحت، ہاؤسنگ، انشورنس، قانونی امداد اور ملازمتی ترقی جیسے معاملات میں نفسیاتی معاونت، معلومات اور مشاورت فراہم کرتی ہے۔
ٹیلیفون: 210 2406731

- **کیریتاس یونان**

یہ ایک سوشل سروس ہے اور مہاجرین، تارکین وطن اور دوسرے پسماندہ طبقات کو معاونت، خوراک اور طبی ثالثی کی خدمات فراہم کرتی ہے۔ (ٹیلیفون: 210 5247879)

## 4. حقوق اور معاونت کی خدمات

### 1. قانونی طور پر رہائش پزیر تارکین وطن کے لیے خدمات صحت

انشورنس اور سماجی تحفظ کے حوالے سے ملک میں قانونی طور پر رہائش پزیر غیر ملکیوں کو یونانی شہریوں کے برابر حقوق حاصل ہیں (قانون 2910/2001)۔ طبی نگہداشت کے فوائد کا استحقاق تنظیموں/انشورنس فنڈز کے کتابچے سے ثابت ہے۔

رسد

انشورنس شدہ شخص کو حاصل فوائد صحت میں شامل ہیں:

***تحفظ صحت***

تحفظ صحت کے فوائد لازمی ہیں اور انشورنس شدہ کو شمولیت کے بغیر فراہم کیے جاتے ہیں: الف) بچوں اور بڑوں کی ویکسین، ب) خواتین کے زچگی کے ٹیسٹ، ج) سرطان کی قبل از وقت تشخیص کے لیے میموگرامز اور پی اے پی ٹیسٹ، د) دل کی بیماریوں کے روک تھام کے ٹیسٹ، ر) مردوں میں پروسٹیٹ کینسر اور بڑی آنت کے سرطان کی قبل از وقت تشخیص کے ٹیسٹ۔

حفاظتی ٹیکے

انشورنس شدہ لوگوں کو نیشنل ویکسینیشن پروگرام کے تحت آنے والی ویکسینیں پرائیویٹ فارمیسی پر لگائی جاتی ہیں۔ انشورنس کے بغیر لوگوں کے لیے لازمی ہے کہ وہ تمام ویکسین اپنے ذاتی خرچ پر خریدیں۔

***بنیادہ نگہداشت صحت***

طبی نگہداشت کے لیے انشورنس شدہ شخص بمعہ خاندان درج ذیل حقوق رکھتا ہے:

- جہاں پر باقاعدہ مراکز صحت موجود نہ ہوں، ایپوپی کلینکس کے ڈاکٹروں اور ان کے پرائیویٹ کلینکس میں جانا
- فیملی ڈاکٹر (جہاں اطلاق ہوتا ہو)
- دیہی ڈاکٹر
- میڈیکل سینٹرز

علاوہ ازیں:

- بستر پر موجود مریضان کے لیے ایپوپی ڈاکٹر کو گھر پر بلایا جا سکتا ہے
- ایپوپی کی لیبارٹریز کے اندر عمومی یا خصوصی ٹیسٹ کروانا
- یا منسلکہ پرائیویٹ لیبارٹریز میں، بغیر ادائیگی کیے
- سپیشل سینٹرز میں کسی بھی بحالی پروگرام سے مستفید ہونا
- آئی وی ایف ٹریٹمنٹ کروانا
- ابتدائی طبی امداد کے لیے بلانا

- اندرونی باقاعدہ نگہداشت کے کسی پروگرام میں داخل ہونا
- کسی پرائیویٹ ڈاکٹر سے معائنہ کروانے یا ادویات پر خرچ ہونے والی رقم کے کسی حصے یا پوری رقم کا دعوی کرنا۔

***ہسپتال کی نگہداشت***

ان جگہوں پر ہسپتال کی نگہداشت فراہم کی جاتی ہے: الف) این ایچ ایس کے سرکاری ہسپتال، ب) یونیورسٹی ہسپتال، ج) منافع کی بنیاد پر کام کرنے والے نرسنگ کے ادارے، د) منسلکہ پرائیویٹ کلینکس، ر) مراکز بحالی – اندرونی مریضاں کی بحالی کے یونٹس، ز) دائمی امراض کے کلینکس اور ادارے، س) دماغی صحت کے یونٹس۔ ایہویی انشورنس شدہ لوگوں کو سرکاری ہسپتالوں اور ملحقہ کلینکس و شفاخانوں میں 'سی' کلاس میں داخلے کا بندوبست فراہم کرتی ہے۔ اگر انشورنس شدہ شخص بہتر درجہ میں داخل ہونا چاہے تو، فالتو خرچ اسے خود اٹھانا پڑے گا۔

***فراہمی ادویات***

ایہویی انشورنس شدہ لوگوں کو مکمل طبی نگہداشت فراہم کرتی ہے لیکن انشورنس شدہ شخص کو ادویات کی مد میں 25% ادائیگی کرنی پڑتی ہے۔ مخصوص دائمی امراض کے علاج اورنگہداشت کی ادویات اس سے مبرا ہیں اور ایسی صورت میں مریض کا حصہ 10% ہے یا بالکل مفت۔

***دیگر مراعات – نقد فوائد***

مخصوص حالات کے تحت شدید بیماری کی صورت میں جب یونان کے اندر بیماری کی تشخیص اور علاج ممکن نہ ہو تو، بیرون ملک علاج کے اخراجات بھی فراہم کیے جاتے ہیں۔ انشورنس شدہ شخص کی موت واقع ہو جانے کی صورت میں صرف اس کے کفن دفن کے اخراجات بھی انشورنس میں سے مہیا کیے جاتے ہیں۔

**<u>کام پر جانے والی مائیں – زچگی</u>**

- **زچگی کی چھٹی**

کام پر جانے والی ماؤں کو کل ملا کر 17 ہفتوں کی زچگی کی چھٹی کا حق حاصل ہے۔ پہلے 8 ہفتے بچے کی پیدائش کی متوقع تاریخ سے پہلے جبکہ باقی 9 ہفتے بچے کی پیدائش کے بعد بطور مسلسل چھٹی کے دیے جاتے ہیں۔

- **مراعات**

کام پر جانے والی خواتین جو ماں بن جاتی ہیں انہیں حمل اور زچگی کی مراعات فراہم کی جاتی ہیں چاہے وہ خود انشورنس شدہ ہوں یا ان کی بالواسطہ انشورنس ہوئی ہو۔
انشورنس شدہ خواتین جو سرکاری ہسپتال میں بچہ جنم دیں ان کی زچگی کا خرچ انشورنس کمپنی کی جانب سے براہ راست ہسپتال کو ادا کر دیا جاتا ہے۔ انشورنس شدہ خواتین طبی اخراجات ادا نہیں کرتیں۔

پرائیویٹ کلینک میں بچہ پیدا ہونے کی صورت میں زچگی کا الاؤنس براہ راست خواتین کو ادا کر دیا جاتا ہے اور ہسپتال میں داخلے کے اخراجات انہیں خود ادا کرنے پڑتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے اپنی انشورنس ایجنسی کے ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ بینیفٹس سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

**کام اور جائے کار پر ہونے والے حادثات میں صحت کے معاملات**

